قومی طبی آڈٹ
اسپتال میں نگہداشت کے معیار کے بارے میں خاندان اور نگہداشت کنندہ کے خیالات

یہ سوالنامہ ایک قومی طبی آڈٹ کا حصہ ہے جس کا مقصد اسپتالوں کی طرف سے کنفیوژن یا یاد داشت سے متعلق مسائل کے شکار لوگوں کو فراہم کی جانے والی نگہداشت کا معیار بہتر بنانا ہے۔ ہم **ستمبر 2022 اور جنوری 2023** کے درمیان یاد داشت کے مسائل کے شکار کسی شخص کے **اس اسپتال** میں داخل ہونے کے دوران اس سے ملنے جانے والے نگہداشت کنندگان (خاندان کے افراد یا کلیدی ارکان) کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ موصول کردہ نگہداشت اور اسپتال کے عملے کے ساتھ آپ کی گفت و شنید کے بارے میں آرا شیئر کریں۔ ان معلومات کو اچھی سہولیات نیز بہتری کی گنجائش رکھنے والے پہلوؤں کی نشاندہی کے لیے استعمال کیا جائے گا تاکہ نگہداشت کے معیارات کو بہتر بنانے میں اسپتالوں کی مدد کی جا سکے۔ آپ اپنی آرا دے سکتے ہیں اور ان کے خلاصے پر مبنی رپورٹس 2023 میں شائع کی جائیں گی۔

براہ مہربانی سوالنامے کو مکمل کرنے کے بعد اس سے نتھی ڈاک کی ادائیگی کردہ لفافے میں ڈالیں اور براہ راست رائل کالج برائے سائیکائٹرسٹس میں موجود پراجیکٹ ٹیم کو واپس بھیجیں۔ براہ مہربانی **3 جنوری 2023** تک سوالنامے کو ڈاک کے ذریعے لازمی بھیج دیں؛ اگر ہمیں اس تاریخ کے بعد آپ کا کوئی جواب ملا تو ہو سکتا ہے ہم اپنی رپورٹ میں آپ کے جوابات شامل نہ کر سکیں۔ یہ سوالنامہ آن لائن بھی دستیاب ہے: www.nationalauditofdementia.org.uk

سوالنامے سے منسلک پوسٹ کارڈ ایک انعامی قرعہ اندازی میں شریک ہونے کا موقع پیش کرتا ہے جس میں آپ اپنی مرضی کے بڑے اسٹور میں خریداری کے لیے £50 مالیت کے پانچ واؤچرز میں سے ایک جیت سکتے ہیں۔ **براہ مہربانی پوسٹ کارڈز کو علیحدہ سے واپس بھیجیں اور انہیں پری پیڈ لفافے میں نہ ڈالیں۔**

رازداری:

- یہ سوالنامہ مکمل طور پر بے نام ہے اور اسپتال کا عملہ آپ کے جوابات نہیں دیکھے گا۔
- اس فارم کو مکمل اور واپس کر کے آپ قومی آڈٹ، بشمول ہماری رپورٹس، میں اپنے جوابوں کو استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اس بارے میں مزید معلومات کہ ہم ڈیٹا کیسے استعمال کرتے ہیں ہماری ویب سائٹ پر ہمارے رازداری کے نوٹس میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

اگر آپ اس سوالنامے کو پُر نہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ہم آپ کے فیصلے کا احترام کریں گے اور آپ جس شخص کا خیال رکھ رہے ہیں اس کو فراہم کی جانے والی نگہداشت کسی بھی طرح متاثر نہیں ہو گی۔

یہ شکایتی فارم نہیں ہے۔ پراجیکٹ ٹیم تمام جوابات کو دیکھے گی لیکن چونکہ ہم آپ کا نام نہیں پوچھتے اس لیے ہم آپ کے انفرادی خدشات یا شکایتوں کو فالو اپ نہیں کر سکیں گے۔ اگر آپ شکایت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی سروس یا اپنی مقامی مریضوں کے مشورے اور رابطے کی سروس (PALS) سے بات کریں اور یہ سروسز شکایت کرنے کے بارے میں رازدارانہ مشورہ پیش کر سکیں گی۔

اگر آپ ہمیں کسی مریض کو نقصان پہنچنے کے خطرے سے آگاہ کرتے ہیں تو ہمیں فوری طور پر اسپتال سے رابطہ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ کے ذہن میں قومی طبی آڈٹ سے متعلق سوالات ہیں تو براہ مہربانی پراجیکٹ ٹیم سے رابطہ کریں:

پتہ:

NAD Project Team (CCQI)
Royal College of Psychiatrists
21 Prescot Street
London
E1 8BB

ٹیلیفون:
02086184268
(صبح 5 سے رات 9 بجے تک)

ای میل:
nad@rcpsych.ac.uk

ویب سائٹ:
www.nationalauditofdementia.org.uk

NAD پیشے کا سوالنامہ اردو میں بھی دستیاب ہے

https://online1.snapsurveys.com/95rw9h